# عدالت کا وقت

عیسیٰ المسیح آنے والی عدالت کا نشان ہوگا۔ سورۃ الذخرف 61:43 (پارٹ ا)

**اسلام علیکم!**

زیادہ تر نے روزِ عظیم، قیامت کے بارے میں سُنا ہے اور جانتے ہیں۔ اکثر اوقات امام نے قرآن پاک میں سے اسکا ذکر کیا ہوگا۔ کب یہ دن آئے گا کیا ہم جان سکتے ہیں؟ ہمیں عدالت کے دن کے لئے کیسے تیار ہونا ہے؟ کیا ہم کیسی بھی طرح اس عدالت کے حتمی فیصلے سے بچ سکتے ہیں؟

اے اللہ کے عزیزو! یہ کچھ سوال ہیں جن پر ہم اس مضمون میں گفتگو کریں گے۔ کاش اللہ آپ کو اپنا رحم، فضل، عقل اور اطمینان عطا کرے تا کہ ہم اِس مضمون کو سمجھ سکے۔ قرآن پاک عدالت کے وقت کے بارے واضح فرماتا ہے۔ "اور وہ عیسیٰ قیامت کی نشانی ہیں تو کہہ دو کہ لوگو اس میں شک نہ کرو اور میرے پیچھے چلو۔ یہی سیدھا رستہ ہے۔" سورۃ الذخرف 61:43

## تفتیشی عدالت:

چند لوگ محسوس کرتے ہیں کہ اُس عظیم دن کا ایک جز تفتیش ہے۔ زیادہ تر لوگ اس بات کو حیران کن سمجھتے ہیں کہ اِس تفتیش کا حصہ زمین کے لوگوں کے لئے شروع ہو چکا ہے۔ ایک قدیم بُھولی ہوئی پیشنگوئی بائبل مقدس میں پہلے سے اسکا ذکر کرتے ہوئے ہمیں خبردار کرتی ہے۔ اُس بڑی عدالت کا تفتیش جز کیا ہے؟ کسی بھی زمینی عدالت میں جب کسی پر کسی جرم کا الزام لگتا ہے۔ تو وقت آتا ہے کہ عدالت ہو۔ اُس وقت معاملے کی تفتیش کی جاتی ہے۔ گواہوں کو بلایا دیا جاتا ہے اور سوالات پوچھے جاتے ہیں۔ اور ہر چیز پر کڑی نظر رکھی جاتی ہے۔ اس سے پہلے کہ جج فیصلہ سنائے۔ اس وقت کے دوران عدالت مجرم کے جرم پر نظرثانی کرتا ہے۔ تمام کوشش کی جاتی ہے کہ معاملے کی محتاط طریقے سے جانچ پڑتال کی جائے۔ کوشش کی جاتی ہے کہ پتا لگایا جائے کہ کس چیز نے اِس شخص کو اس جرم کے لئے اُکسایا تھا۔ اس زمین پر قلیل وقت میں بڑی تفتیش ہوتی ہے۔ لیکن یہ تو اُس وسیع پیمانے پر ہے جس کا زمین پر کسی سے بھی موازنہ نہیں کیا جاتا۔ بائبل مقدس کی ایک وقت کی لمبی پیشنگوئی دانی ایل 14:8 میں اس کے بارے ہم سے مخاطب ہوتی ہے۔ یہ پیشنگوئی 1844ء میں اختتام کو پہنچی جس میں یہ مرقوم ہے کہ "مقدِس پاک کیا جائے گا" اس پیشنگوئی کو 2300 سال کی پیشنگوئی کہا جاتا ہے۔

"اور اُس نے مجھ سے کہا کہ دو ہزار تین سو صُبح و شام تک اُس کے بعد مقدّس پاک کیا جائیگا۔" دانی ایل 14:8 مقدّس کیا ہے؟ جس کے بارے میں دانی ایل نبی بات کرتا ہے۔ یہ مقدِس آسمان میں ہے۔ بائبل تین مقدِس یا خیمہ کی بات کرتی ہے۔ پہلی والی موسیٰ کے وقت میں تھی۔ موسیٰ نبی نے آسمانی ہیکل/مقدِس کا نمونہ جو خدا نے پہاڑ پر دیکھایا تھا۔ تیار کیا تھا۔ یہ اصل کی کاپی بیابان میں تعمیر ہوئی تھی جب خدا کے لوگ مُلکِ مصر سے آزاد ہوئے تھے۔ یہ بیابان کی ہیکل آسمانی ہیکل کا چھوٹا سا نمونہ تھی۔ یہ اُس طرح تھی جیسے ہم اپنے بچوں کو ایک اصل ہوائی جہاز کا نمونہ دیتے ہیں۔

موسیٰ کو کوہ سینا پر آسمانی ہیکل کا نمونہ دکھایا گیا تھا۔ پھر خدا نے یہ ہدایت فرمائی کہ اُس کا ایک نمونہ زمین پر تیار کرو۔ خدا کی طرف سے اُسے ملامت کی گئی۔ "اور دیکھ تُو انکو ٹھیک اِنکے نمونہ کے مطابق جو تجھے پہاڑ پر دکھایا گیا ہے بنانا۔" خروج 40:25

اِس ہیکل میں تمام چیزوں کی تفصیل شامل تھی یہاں تک کہ اندر کا فرنیچر کیسا ہونا چاہیے۔ یہ تمام موسیٰ کو کوہ سینا پر واضح کیا گیا تھا۔

قرآن پاک اِس کا ذکر مندرجہ آیت میں کرتا ہے۔ اور جب ہم نے تم لوگوں سے عہد واثق لیا اور کوہ طور (کوہ سینا) کو تم پر اُٹھا کھڑا کیا اور حکم دیا کہ جو کتاب (شریعت) ہم نے تمکو دی ہے اسکو زور سے پکڑو اور جو تمیں حکم ہوتا ہے اسکو سنو۔۔۔" سورۃ البقرہ 93:2

یہ بہت اہم ہے کہ ہم اس مضمون کا مطالعہ کریں جیسے کہ یہ نجات کا کام جو آسمان پر ہوتا ہے کو واضح کرتا ہے۔ یہ مضمون ہمیں جو کچھ آسمان پر ہو رہا ہے اُس کی ایک چھوٹی سی جھلک دیتا ہے۔ اس سے ہم جان سکتے ہیں کہ کس وقت عدالت کا تفتیشی عمل شروع ہوتا ہے۔ جیسے ہی 2300 ء دن/ سال کی پیشنگوئی 1844ء کو مکمل ہوئی ہے تو یہ بڑی تفتیشی عدالت آسمان پر شروع ہوئی۔ مقدِس کے پاک ہو جانے کا وقت آ پہنچا، کا مطلب یہی ہے۔ بیابان میں موسیٰ کی تیار کردہ ہیکل ختم ہو چکی ہے جو کہ بعد میں سلیمان بادشاہ نے جو داؤد بادشاہ کا بیٹا تھا اُس نے ایک شاندار عمارت کے طور پر بنائی تھی۔ مگر وہ بھی ہمارے پاس نہیں ہے بلکہ دو دفعہ تباہ ہوئی تھی۔ اس لئے دانی ایل نبی جس ہیکل/مقدِس کا ذکر کرتا ہے وہ آسمانی ہیکل/مقدِس کا ذکر ہے۔ تورات میں یرمیاہ نبی فرماتا ہے۔ "ہمارے مقدِس کا مکان ازل ہی سے مقرر کیا ہوا جلالی تخت ہے۔" یرمیاہ 12:17

یہی وہ جلالی ہیکل ہے جس پر ہمیں دانی ایل 14:8 آیت کی تکمیل لے لئے دیکھنا ہے۔

یہ بھی لکھا ہے کہ یہ ہیکل/مقدِس انسانی ہاتھ نے نہیں تعمیر کی۔ اور مقدِس اور اُس حقیقی خیمہ کا خادم ہے جیسے خداوند نے کھڑا کیا ہے نہ کہ انسان نے۔" انجیل مقدس، عبرانیوں 2:8

## ہمارا درمیانی:

زمین کے تمام لوگوں کے اچھے اور بُرے اعمال کا ریکارڈ آسمانی مقدِس میں جمع ہوتا ہے۔ عدالت ہوئی ہے اور ہماری زندگیوں کا جائزہ لیا جاتا ہے اور فیصلے کیے جاتے ہیں۔

اس آسمانی عدالت میں عیسیٰ المسیح ہی صرف ہمارا درمیانی ہے۔ " کیونکہ خدا ایک ہے اور خدا اور انسان کے بیچ میں درمیانی بھی ایک ہے یعنی مسیح یسوع جو انسان ہے۔" 1 تیمتھیس 5:2

یہ صرف وہی ہے جو اس قابل ہے کہ ہمارا درمیانی بنے۔ کیونکہ وہ انسان بنا اور اس زمین پر آیا اس لئے اُس نے یہ اختیار پایا۔ اُسی نے بلا غرض اپنی جان کوہ طور پر دے دی جہاں آج کل مقدِس ہیکل یا ڈوم آف دی راک "Dome of the Rock" موجود ہے۔ جو صدیوں سے اس بات کا مسلسل ثبوت ہے۔ یہی وہ جگہ ہے جو رسومات ہمیں بتاتی ہیں کہ جہاں ابراہیم کو خدا نے اپنے بیٹے کی قربانی لے لئے بُلایا تھا۔ جبکہ آسمانی ہیکل میں عیسیٰ المسیح اپنا ہی خون لے کر ہماری شفاعت کے لئے حاضر ہے یہ اسلئے ہے کہ جو کچھ ہو رہا ہے ہم اِس پر خاص توجہ دیں۔ اب یہ تفتیش ہو رہی ہے ہمیں سنجیدگی سے اس بات کا خیال کرنا چاہیے کہ خدا نے اپنے رحم سے ہم پر آشکار کیا عزیز قاری!

اللہ آپ سے بہت محبت رکھتا ہے اُس کی محبت تم سے دینا کے کسی بھی انسان سے زیادہ گہری ہے۔ وہ تم سے ابدی محبت رکھتا ہے اور تمہاری جان کو ابدی موت سے بچانے کے لئے خواہش کرتا ہے۔ یہی اس مختصر مطالعہ کی بنیادی وجہ بھی ہے۔ اور سچائیاں بھی ہیں جو اللہ کے لوگ پر واضح ہوتی ہیں۔

ہمیں سچائی کے مکاشفہ کے لئے اللہ سے دعا کرنی چاہیے۔ جو ابھی تک بہتوں کے پاس نہیں پہنچا۔ آج جب یہ کلام تم سن رہے ہو تو تم کو بڑی گرم جوشی سے اِس کے لئے ہاں کہنا چاہیے۔ بڑی سنجیدگی سے اکیلے میں اللہ سے دعا میں سچائی کا مکاشفہ مانگو جو تمہارے لئے انتہائی ضروری ہے؛۔ کیونکہ یہ تفتیشی عدالت کا وقت ہے۔

## تمام عدالت بیٹے کے سپرد کی گئی ہے:

عیسیٰ المسیح نہ صرف ہمارا درمیانی ہے۔ بلکہ ہمیں یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ یہ وہ ہے جو آسمان سے زمین پر بھیجا ہوا کفارہ ہے۔ "جس نے (عیسیٰ المسیح) اپنے آپ کو سب کے فدیہ میں دیا۔۔۔" 1 تیمتھیس 6:2

یہی عیسیٰ المسیح ہے جس کے سپرد سب لوگوں کی آخری عدالت کی گئی ہے۔

" کیونکہ باپ کسی کی عدالت بھی نہیں کرتا بلکہ اُس نے عدالت کا سارا کام بیٹے کے سپرد کیا ہے۔ تا کہ سب لوگ بیٹے کی عزت کریں جس طرح باپ کی عزت کرتے ہیں۔ جو بیٹے کی عزت نہیں کرتا وہ باپ کی جس نے اُسے بھیجا عزت نہیں کرتا۔" یوحنا 5:22-23

آخری فیصلہ اُس کا ہے۔ اور یہ آسمانی ریکارڈ کے مطابق ہوگا اس میں جو کچھ ہم نے خدا اور آسمان سے ہمارے لئے بھیجے ہوئے کے لئے یا ان کے خلاف کئے گئے اعمال کے مطابق فیصلہ ہوگا۔ ہمارے انتخاب پر ہی ہمارے لئے فیصلہ ہوگا۔ ہمیں یا تو ابدی زندگی یا پھر ابدی موت ملے گی۔ یہ جزا یا سزا اس عدالت سے صادر ہوگی۔ حقیقت میں جس دور میں ہم رہ رہے ہیں ہمارے لئے یہ ایک سنجیدہ دور ہے۔

ہمیں سنجیدگی کے ساتھ خدا سے دعا کرنی چاہیے کہ ہم اُس دن جس وقت ہمارا نام عدالت میں پیش ہو ہم بغیر جرم کے پائے جائیں۔

زمین پر رہنے والے تمام لوگوں کے نام آسمانی عدالت میں آئیں گے۔ اور سب کی بڑی تفتیش یعنی چھان بین ہونی ہے جیسے کہ زمین پر آپ کے علاوہ کوئی اور ہے ہی نہیں۔ اسی طرح زمین کے ہر ایک کیس کا فیصلہ ہونا ہے جب عیسیٰ المسیح تمام معاملے ختم کر لیتا ہے پھر وہ اس زمین پر راستبازوں کے لئے اجر کے ساتھ واپس آئے گا۔ "دیکھ خداوند خدا بڑی قدرت کے ساتھ آئیگا۔۔۔ دیکھو اُسکا صلہ اُسکے ساتھ ہے اور اُسکا اجر اُسکے سامنے۔" یسعیاہ 10:40

مکاشفہ میں یوحنا عارف کو عیسیٰ المسیح کے بارے میں یہ تصور وحی میں دیا گیا۔ وہ واضح طور پر لکھتا ہے کہ جب عیسیٰ المسیح آئے گا تو زمین کے ایماندار لوگوں کو دینے کے لئے اجر ساتھ لے کر آئے گا۔ "دیکھو میں جلد آنے والا ہوں اور ہر ایک کے کام کے موافق دینے کے لئے اجر میرے پاس ہے۔" انجیل مقدس، مکاشفہ 12:22

جب وہ آئے گا تو تمام لوگوں کا میں فیصلہ ہو چکا ہوگا۔ اگر عدالت کا ہونا ابھی مستقبل میں ہے تو وہ کیسے اجر کے ساتھ آسکتا ہے۔ عزیزو! ہم خدا کی عدالت کے وقت میں رہ رہے ہیں۔ جب عیسیٰ المسیح آسمان کے بادلوں کے ساتھ آئیگا تو حتمی اجر ساتھ لائے گا۔ ایمانداروں کے لئے

ابدی زندگی اور دوسرے لوگ اُس کی آمد کی تجلی سے بھسم ہو جائیں گے۔
عدالت کا وقت آپہنچا ہے کا اعلان 1843-1844 میں واضح طور پر کیا گیا جب مکاشفہ 6:14 کا خاص پیغام سنایا گیا۔ آج ہم اُس وقت کے لئے تیار ہو سکتے ہیں۔ آسمانی عدالت میں ہمارا مددگار یعنی عیسیٰ المسیح ہماری شفاعت کے لئے درمیانی ہے۔

R.M. Harnisch

Series no. 35

www.salahallah.com

www.allahshanif.com